NYC Public Schools

PS+YOU

From Chancellor **David C. Banks**

چانسلر David C. Banks کی جانب سے ایک خبرنامہ

نو نئے اسکول، لامحدود مواقع

نیو یارک کے عزیز مکین،

ہمارے شہر میں تقریباً 1600 ڈسٹرکٹ اسکولز ہیں اور جو ہمارے طلباء اور اہلِ خانہ کو لامحدود مواقع فراہم کرتے ہیں۔ ہمارے پاس ایسے اسکول ہیں جہاں طلباء اپنا آدھا دن کسی دوسری زبان میں پڑھائی کرنے میں صرف کرتے ہیں۔ ہمارے پاس ایسے اسکول ہیں جہاں طلباء اعلیٰ کمپنیوں میں انٹرن(معاوضے کے عوض) کام کرتے ہیں۔ ہمارے اسکول طلباء کو مختلف شعبوں میں حقیقی دنیا سے تجربات اور سیکھنے کے مواقع فراہم کرتے ہیں۔

اور مجھے یہ بتاتے ہوئے فخر محسوس ہو رہا ہے کہ ہم اس موسمِ خزاں میں نو نئے اسکول بھی کھول رہے ہیں۔ یہ اسکول جدت اور انفرادیت کی خصوصیت رکھتے ہیں، جو براہ راست برادری کی وسیع شمولیت کا نتیجہ ہیں۔ ہمارے خاندانوں نے ہمیں بتایا تھا کہ وہ کس چیز کے متلاشی ہیں اور ہم نے ان کو جواب دیا تھا۔ نئے اسکولوں میں یہ شامل ہے:

- مینڈرن، عربی اور ہسپانوی میں عالمی زبان کی افزودگی کے پروگرام؛
- نیو یارک شہر کا سب سے پہلا ضلعی مونٹیسیری الیمنٹری پروگرام؛
- معروف بروکلین نیو اسکول سے متاثر ایک ایسا اسکول جو انکوائری کی بنیاد پر ہے؛
- وہ اسکول جو بحث و مباحثہ، STEAM، اور آنٹروپینورشپ کے لیے اشتیاق پیدا کریں؛

- اور موشن پکچر ٹیکنیکل ہائی اسکول، جو طلباء کو ٹی وی اور فلم انڈسٹریز میں پُرکشش تنخواہ والی ملازمتوں کے لیے تیار کرے گا۔

اس کے علاوہ، ہماری مخلص لگن کے تحت، غیر محفوظ علاقوں میں تین تیز رفتار ہائی اسکولوں کے قیام کے لیے ، ہم مشرقی نیویارک، بروکلین میں ایک Bard High School Early College متعارف کروا رہے ہیں، یہاں، طلباء کو اپنی ہائی اسکول کی تعلیم کے دوران بلامعاوظہ ایسوسی ایٹ سند حاصل کرنے کا موقع ملتا ہے۔ کم از کم 80% نشستیں کمیونٹی اور دیگر مرکزی بروکلین علاقوں کے طلباء کے لیے مختص کی جائیں گی۔

ہم مستقبل میں، 2025 کے موسم خزاں میں نارتھ ویل ہیلتھ کے تعاون کے ساتھ اور اس کے لیے بلومبرگ مخیر حضرات کی تقریباً 25 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کی معاونت کے ذریعے سے ایک نیا ہیلتھ سائنسز ہائی اسکول کھولنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ، ہم Montefiore میڈیکل سینٹر اور Bronx Community Foundation کے ساتھ شراکت میں Bronx STEAM سینٹر کھولیں گے۔ صحت کی دیکھ بھال اور ٹیکنالوجی میں دلچسپی لینے طلباء کے لیے یہ مواقع شاندار ثابت ہوں گے۔

یوں تو ہمارے نئے اسکول مختلف اضلاع اور گریڈ کی سطح پر پھیلے ہوئے ہوں گے لیکن ان کا ایک مشترکہ مقصد طالب علم کے تجربے کا نئے سرے سے تعین کرنا ہو گا۔ آغاز کے بعد میں ان اسکولوں کا ہمارے بچوں پر اجتماعی اثرات دیکھنے کا بیتابی سے منتظر ہوں۔ مواقع لامحدود ہیں۔

مائل به پرواز،

David C. Banks

چانسلر

ہماری مرکزِ توجہ وڈیو:

ترجمے کے لیے، برائے مہربانی ہمارے YouTube صفحے پر جائیں۔

NYCPS کی تازہ ترین خبروں کے لیے ہمیں آن لائن X، فیس بُک اور انسٹا گرام پر فالو کریں۔

ترجمہ شدہ تحریر (سب ٹائٹلز) تک رسائی کے لیے: "CC" کے آئیکان پر کلک کریں۔ "Settings" آئیکان پر کلک کریں اور "Subtitles/CC" منتخب کریں۔ "Auto Translate" منتخب کریں اور اپنی زبان منتخب کریں۔

NYCPS اہلِ خانہ :اگر آپ مزید PS+You خبرنامہ موصول نہیں کرنا چاہتے، برائے مہربانی ان سبسکرائب کریں۔